**25-12-2024**

**2115 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

..............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کھجوراہو میں **Ken-Betwa** ندیوں کو جوڑنے کے پروجیکٹ سمیت کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ **Ken-Betwa** ندیوں کو جوڑنے کا پروجیکٹ بندیل کھنڈ خطے میں مسرت اور خوشحالی کے نئے دروازے کھولے گا۔

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے نئی دلّی میں **10** ہزار سے زیادہ نئے قائم کردہ کثیر مقصدی بنیادی زرعی کواپریٹیو سوسائٹیز کو ملک کے نام وقف کیا۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کل **14** ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے **17** بچوں کو اُن کے غیرمعمولی کاموں کیلئے پردھان منتری راشٹریہ بال پُرسکار عطا کریں گی۔

☆ قزاقستان میں **Aktau** شہر میں ایک مسافر طیارے کے حادثے میں درجنوں افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ حضرت عیسیٰ مسیح کا یومِ پیدائش منانے کیلئے دنیا بھر میں کرسمس منایا جارہا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، کل سے میلبرن کے مقام پر بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈر - گواسکر ٹرافی کا چوتھا ٹسٹ میچ کھیلا جائے گا۔

..............................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**PM - MP Projects**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سابق وزیر اعظم آنجہانی اٹل بہاری واجپئی کے 100ویں یومِ پیدائش کے موقع پر مدھیہ پردیش کے کھجوراہو میں ملک کے پہلے امنگوں والے اور کثیر مقصدی Ken-Betwa ندیوں کو جوڑنے کے قومی پروجیکٹ سمیت کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔

وزیر اعظم نے ملک کے پانی میں تیرنے والے پہلے اوم کاریشور سولر پروجیکٹ کا بھی افتتاح کیا اور ایک ہزار 153 اٹل گرام سُشاسن بھون کا بھومی پوجن کیا۔

SB - 2100 - PM Ken Betwa

Ken-Betwa ندیوں کو جوڑنے کا قومی پروجیکٹ 8 لاکھ ہیکٹیئر سے زیادہ رقبے میں آبپاشی کی سہولت فراہم کرے گا۔

اس پروجیکٹ سے مدھیہ پردیش کے 10 اضلاع کے 2 ہزار گاؤں کے 7 لاکھ سے زیادہ کسان کنبوں کو بھی فائدہ حاصل ہوگا۔ اس کے علاوہ، پروجیکٹ سے مدھیہ پردیش کے 10 اضلاع کی 44 لاکھ آبادی کو پینے کے پانی کی سہولت بھی فراہم ہوگی۔ مذکورہ پروجیکٹ سے 103 میگاواٹ پن بجلی اور 27 میگاواٹ شمسی توانائی بھی پیدا ہوگی۔

اس پروجیکٹ سے اترپردیش کی 21 لاکھ آبادی کو پینے کے پانی کی سہولت اور دو لاکھ 51 ہزار ہیکٹیئر سے زیادہ رقبے میں آبپاشی کی سہولت بھی فراہم ہوگی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اس پروجیکٹ سے خشک سالی سے متاثرہ بندیل کھنڈ خطے میں زیرِ زمین پانی کی سطح بہتر ہوگی، صنعت کاری کو فروغ حاصل ہوگا، سرمایہ کاری اور سیاحت میں اضافہ ہوگا اور روزگار کے نئے مواقع فراہم ہوں گے۔

اس موقع پر جناب مودی نے اٹل بہاری واجپئی کی یاد میں ایک ڈاک ٹکٹ اور یادگاری سکہ بھی جاری کیا۔ سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کی یادوں کو مشترک کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ اٹل جی ہمیشہ سے بہتر حکمرانی اور اچھی خدمات فراہم کرنے کیلئے ہماری تحریک کا ذریعہ رہے ہیں۔

SB - 2100 - PM Atal Bihari VAjpayee

بابا صاحب بھیم راؤ امبیڈکر کے رول کی ستائش کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر کے نظریے اور دور اندیشی نے بھارت کے آبی وسائل، پانی کے بندوبست اور باندھ کی تعمیر کو مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

ملک میں سیاحت کو فروغ دینے کیلئے حکومت کی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ مرکزی حکومت ملک اور بیرون ملک سے آنے والے تمام سیاحوں کے لیے سہولیات کو بڑھانے اور یہاں سفر کرنے میں آسانی پیدا کرنے کیلئے مسلسل کوششیں کر رہی ہے۔ x

**Atal Bihari Vajpayee Birth Centenary**

سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے 100 ویں یوم پیدائش کو ملک بھر میں آج بہتر حکمرانی کے دن کے طور پر منایا جا رہا ہے۔ قومی راجدھانی دلّی میں ان کی سمادھی Sadaiv اٹل پر ان کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

دلّی میں Sadaiv اٹل میموریل میں سابق وزیر اعظم کو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے گلہائے عقیدت پیش کیا۔ سابق صدر رام ناتھ کووند، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو، مرکزی وزیر اور BJP کے صدر جے پی نڈا اور دیگر نے بھی سابق وزیر اعظم کو خراج عقیدت پیش کیا۔ x

**Shah - Agriculture Cooperative**

امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر جناب امت شاہ نے آج نئے قائم کردہ دس ہزار سے زیادہ کثیر مقصدی بنیادی زرعی کوآپریٹیو سوسائٹیز، ڈیری اور ماہی پروری سے متعلق امدادِ باہمی کے اداروں کو ملک کے نام وقف کیا۔ جناب شاہ نے نئی دلّی میں ایک تقریب کے دوران نئی تشکیل کردہ کوآپریٹیو سوسائٹیز کو رجسٹریشن سرٹیفکیٹس، RuPay کسان کریڈٹ کارڈس اور مائیکرو ATMs تقسیم کئے۔ ان مالیاتی وسائل کو پنچایتوں میں قرض خدمات تک آسان رسائی فراہم کرنے اور مالیاتی شمولیت کو فروغ دینے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ مودی حکومت امدادِ باہمی کے اداروں کو فروغ دے کر دیہی معیشت کو نئی توانائی فراہم کررہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ حکومت اگلے پانچ سال کے دوران ہدف سے کافی پہلے دو لاکھ بنیادی زرعی قرض سوسائٹیز (PACS) قائم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اِن اقدامات کے ذریعے کسانوں کی فصلوں کی رسائی عالمی بازار تک آسانی سے ہوسکے گی۔

SB - 2100 - Amit Shah - PACS

وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت نے PACS کو کثیر جہتی بنایا ہے اور اسے اسٹوریج ، گیس اور کھاد کی تقسیم کے ساتھ مربوط کیا ہے۔ وزیر موصوف نے اس بات کو بھی اجاگر کیا کہ جب بنیادی ڈھانچے کو ملک میں اولیت نہیں دی جارہی تھی، تب سابق وزیر اعظم آنجہانی اٹل بہاری واجپئی نے Swarnim Chaturbhuj Marg کا آغاز کیا تھا۔x

## Rev Shah - CRPF

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں مرکزی ریزرو پولیس فورس CRPF کے ہیڈکوارٹرس میں اُس کے کام کاج اور انتظامی کارکردگی کا ایک جامع جائزہ لیا۔ میٹنگ کے بعد ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب شاہ نے کہا کہ بائیں بازو کی انتہا پسندی کے خلاف کارروائی ہو، قدرتی آفات کی صورت میں راحت اور بچاؤ کاری ہو یا ملک کی داخلی اور باہری سکیورٹی کا معاملہ ہو ، CRPF ہمیشہ پیش پیش رہی ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ نریندر مودی سرکار مختلف فلاحی اسکیموں کے ذریعے CRPF اہلکاروں اور اُن کے اہلِ خانہ کی زندگی میں آسانی فراہم کرنے کیلئے مسلسل کام کررہی ہے۔

میٹنگ کے دوران CRPF کے ڈائریکٹر جنرل Anish دَیال سنگھ نے جناب امت شاہ کو CRPF کے شہید جوانوں کے اہلِ خانہ کیلئے نافذ کی جارہی مختلف فلاحی اسکیموں کے بارے میں جانکاری فراہم کی۔ اِس میں CRPF میں ہمدردی کی بنیاد پر تقرریاں بھی شامل ہیں۔ x

## President Bal Puraskar

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، کل نئی دلّی میں سات زمروں میں 17 بچوں کو ، اُن کے غیر معمولی کاموں کیلئے ''پردھان منتری راشٹریہ بال پُرسکار'' عطا کریں گے۔ 14 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے ، اِن بچوں کو فن اور ثقافت، بہادری، اختراع، سائنس اور ٹیکنالوجی، سماجی خدمات، کھیلوں اور ماحولیات کے شعبوں میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے کیلئے بال پُرسکار سے نوازا جائے گا۔

وزیر اعظم نریندر مودی، کل بھارت منڈپم میں ویر بال دِوَس کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ وہ اس موقع

پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔

2022 میں جناب مودی نے اعلان کیا تھا کہ گرو گوبند سنگھ جی کے صاحب زادوں کی دِلیری اور ہمت نیز انصاف کیلئے اُن کی جستجو کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے 26 دسمبر کو بال ویر دِوس کے طور پر منایا جائے گا۔ x

**Rajnath - Governance Day**

سابق وزیر اعظم آنجہانی اٹل بہاری واجپئی کے 100 ویں یومِ پیدائش کے موقع پر لوک بھون لکھنؤ میں بہتر حکمرانی کے دن کی ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اِس موقع پر وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے واجپئی جی کے مجسمے پر گلہائے عقیدت نذر کئے اور اُن کی زندگی اور کاموں کو یاد کیا۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ اٹل جی نے بھارت کو بہتر حکمرانی عطا کی، جو ملک کو نئی بلندیوں تک لے کر گئی۔

SB - 2100 - Rajnath Singh

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے زور دے کر کہا کہ ایک موثر حکمرانی کیلئے سلامتی کا احساس بے حد اہم ہے اور بہتر حکمرانی کے حصول کیلئے سرگرم عوامی شراکت داری درکار ہے۔

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے لکھنؤ میں گومتی ندی کے کناروں پر واقع Kudiya گھاٹ پر اٹل جی کے مجسمے کی بھی نقاب کشائی کی ۔ x

**Jitendra Singh Panchayat**

عملے، عوامی شکایات اور پنشن کے وزیر مملکت ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے آج بہتر حکمرانی کے دن کے موقع پر ذیلی سطح کی حکمرانی کو مستحکم کرنے کیلئے وکست بھارت کرم یوگی پہل کا آغاز کیا۔ اس پہل کا مقصد منتخب نمائندوں اور عہدیداروں کو مؤثر حکمرانی کیلئے ضروری وسائل و تربیت سے آراستہ کرکے پنچایتی راج اداروں کی صلاحیت اور اہلیت میں اضافہ کرنا ہے۔

اس موقع پر بات کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے زور دے کر کہا کہ پائیدار اور نتیجہ خیز تبدیلی لانے کیلئے حکمرانی میں اصلاح کی شروعات، نچلی سطح سے ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وکست پنچایت کرم یوگی پہل، پنچایتی راج اداروں کو اختراعی وسیلے اور صلاحیت سازی فریم ورک کے ذریعے مستحکم کرنے پر مرکوز ہے۔ x

**NDA Leader**

آج نئی دلّی میں مرکزی وزیر اور BJP کے قومی صدر جے پی نڈا کی رہائش گاہ پر NDA رہنماؤں کی میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس میٹنگ میں آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ این چندر بابو نائیڈو، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو Kinjarapu ، بھاری صنعتوں کے وزیر ایچ ڈی کمارا سوامی، پنچایتی راج کے وزیر راجیو رنجن سنگھ اور صحت کی وزیر مملکت انوپریا پٹیل کے علاوہ دیگر افراد موجود تھے۔ اس میٹنگ کا مقصد اتحادی پارٹنروں کے درمیان اشتراک و تعاون کو مستحکم کرنا تھا۔ x

**Uttrakhand Accident**

اتراکھنڈ کے نینی تال ضلع کے بھیم تال میں ریاستی ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی ایک بس کے گہری کھائی میں

گرجانے سے چار لوگوں کی موت ہوگئی۔ پولیس کے مطابق یہ بس 28 مسافروں کو لے کر پتھورا گڑھ سے ہلدوانی جا رہی تھی۔ زخمی ہونے والے 24 مسافروں کو ہلدوانی کے سشیلا تیواری اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ حادثے کے مقام پر بچاؤ اور راحت کا کام مکمل ہوگیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے حادثہ پر گہرے دکھ اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ x

**Kazankhstan Plane Crash**

قزاخستان میں آج ایک مسافر طیارہ گرکر تباہ ہوگیا، جس میں درجنوں افراد ہلاک ہوگئے۔ اس طیارے میں70 افراد سوار تھے۔ آذر بائیجان میں حکام کا کہنا ہے کہ اس حادثے میں کم سے کم 30 افراد زندہ بچ گئے ہیں۔ یہ طیارہ آذر بائیجان سے روانہ ہوا تھا۔ آذر بائیجان ایئر لائن فلائٹ J2-8243 میں اس وقت آگ لگ گئی جب اس نے قازق شہر اَکتاؤ (Aktau) میں ایمرجنسی لینڈنگ کرنے کی کوشش کی۔ یہ طیارہ روس کے شہر Grozny جا رہا تھا لیکن دھند کی وجہ سے اس کا رخ موڑ دیا گیا۔

روسی میڈیا کی رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ طیارہ گرنے سے پہلے پرندوں کے ایک جھنڈ سے ٹکرا گیا تھا، تاہم ابھی تک اس کی تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔

طیارے پر سوار زیادہ تر مسافر آذر بائیجان کے شہری تھے، لیکن کچھ مسافر روس، قزاخستان اور کرغستان کے شہری بھی تھے۔ آذر بائیجان اور قزاخستان دونوں نے ہی اس حادثے کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔ x

**Chirstmas**

حضرت عیسیٰ مسیح کی پیدائش کے موقع پر آج دنیا بھر میں کرسمس کا تہوار منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر لوگ اپنے گھروں میں کرسمس ٹری بناکر اسے سجائے ہیں اور ایک دوسرے کو تحفے تحائف دیتے ہیں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اس موقع پر ملک کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ x

**Tripura Christmas**

تریپورہ میں پورے مذہبی جوش و خروش کے ساتھ کرسمس کا تہوار منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر نہ صرف عیسائی برادری بلکہ دیگر مذاہب کے لوگ بھی گرجہ گھروں میں اجتماعی دعاؤں میں شامل ہو رہے ہیں۔ x

**Maha Xmas**

پورے مہاراشٹر میں کرسمس کا تہوار جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔

VC- Ankita

ممبئی کی بہت سی عمارتیں رنگ برنگی روشنیوں سے جگمگا رہی ہیں، جبکہ حضرت عیسیٰ مسیح کے یوم پیدائش کے موقع پر گھروں کو سجایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ باندرہ میں ماؤنٹ میری اور سینٹ پیٹرز، ماہم میں سینٹ مائیکل، کولابا میں ووڈ ہاؤس تھانے میں سینٹ جان پسٹسٹ، بائکلہ میں میموریل Methodist مراٹھی چرچ سمیت دیگر چرچوں کو بھی شاندار طریقے سے سجایا گیا ہے۔ چرچوں میں حضرت عیسیٰ مسیح کے اعزاز میں اجتماعی دعاؤں کا خصوصی اہتمام کیا جا رہا ہے۔ گھروں، سوسائٹیز، دکانوں اور مالز میں کرسمس کے جذبے کی اظہار کے طور پر کرسمس ٹری لگائے گئے ہیں۔

## Christmas Celeberations Abroad

بیرون ملکوں میں جوش و خروش کے ساتھ کرسمس کا جشن منایا جا رہا ہے۔ Vatican شہر میں واقع سینٹ پیٹرس Basilica کے مقدس دروازے سے گزرنے کیلئے سویرے سے ہی زائرین قطار میں لگے تھے۔ Pope Francis نے Catholic Church میں تقریبات کا افتتاح کرتے ہوئے سال 2025 کا آغاز کیا، جس میں تقریباً 32 ملین زائرین Rom آنے کی توقع ہے۔

آسٹریلیا میں سمندر سے لے کر پہاڑوں تک، ہر طرف لوگ کرسمس کا جشن منانے کیلئے ساحلوں، پارکوں اور میدانوں میں جمع ہوگئے ہیں۔

Western Queensland میں کرسمس ایک نئے انداز میں منایا گیا جہاں Santa گھوڑے پر بیٹھ کر آئے اور مختلف قسم کے مقابلے ہوئے۔

نیپال میں بھی عیسائی برادری نے پورے جوش و خروش کے ساتھ کرسمس کا تہوار منایا۔ عیسائی برادری کے تقریباً ایک ہزار افراد نے نیپال کے للت پور ضلع میں Bhanimandal میں نیپال کے نسب سے بڑے گرجہ گھر Assumption Church میں اجتماعی دعا کی۔ x

## Cricket - Ind-Aus

کرکٹ میں کل میلبرن کے مقام پر بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈر گواسکر ٹرافی کا چوتھا ٹسٹ میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق صبح پانچ بجے شروع ہوگا۔ پانچ میچوں کی سیریز میں دونوں ٹیموں نے ایک - ایک میچ جیتے ہیں۔ x

## ICC Ranking

بھارت کے سرکردہ تیز گیند باز جسپریت بُمرا نے مردوں کی ICC تیز گیند بازی درجہ بندی میں ایک اہم سنگِ میل حاصل کیا ہے۔ وہ ICC درجہ بندی میں 904 پوائنٹس پر پہنچ گئے ہیں، جو کہ کسی بھی بھارتی گیند باز کے ذریعے اب تک حاصل کی گئی اعلیٰ ترین درجہ بندی پوائنٹس کے برابر ہے۔ اِس سے پہلے یہ ریکارڈ Spin گیند باز روی چندرن اشوِن کے پاس تھا۔ ICC کے مطابق بُمرا کے پاس کل شروع ہونے والے میلبرن ٹسٹ میچ کے دوران اِس ریکارڈ کو عبور کرنے کا پورا موقع ہوگا۔ بُمرا نے Brisbane کے مقام پر کھیلے گئے ٹسٹ میچ میں غیر معمولی کاکردگی کا مظاہرہ کیا، جہاں انہوں نے 94 رَن دے کر 9 وکٹ حاصل کئے۔ انہوں نے ٹسٹ گیند بازی درجہ بندی میں اپنی اعلیٰ ترین پوزیشن مستحکم کرلی ہے۔ اِس غیر معمولی کارکردگی نے انہیں 14 پوائنٹس دلائے۔x

☆☆☆☆☆